15/06/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

بین الاقوامی منشیات مخالف یوم کے موقع پر 22 جون کو منشیات کی استعمال سے ہونے والے منفی اثرات کو ظاہر کرتی ہوئی تصویری مقابلہ کا انعقاد

لکھنؤ: ۱۵/جون ۲۰۲۲ء-

بین الاقوامی منشیات مخالف یوم کے موقع پر اتر پردیش کے محکمۂ نشہ بندی کے ذریعہ عوامی بیداری کیلئے پوسٹر مقابلہ کا انعقاد شراب نوشی اور دیگر منشیاب کے استعمال سے ہونے والے منفی اثرات کو ظاہر کرتی ہوئی ایک پوسٹر مقابلہ کا انعقاد آئندہ 22 جون 2022 کو علاقائی نشہ بندی اورسوشل ڈیولپمنٹ افسر، دفتر احاطہ میں صبح 10:30 بجے سے کیا جائیگا۔

اس ضمن میں علاقائی نشہ بندی اور سوشل ڈیولپمنٹ افسر، لکھنؤ ایریا جناب آر ایل راجونشی نے بتایا کہ مقابلہ پوری طرح سے مفت ہے، جس میں کسی بھی عمر کے طلبہ، مرد و عورت حصّہ لے سکتے ہیں۔ مقابلہ میں حصّہ لینے والے امیدوار اپنا رجسٹریشن مورخہ 21 جون 2022 کو شام 5:00 بجے تک کر سکتے ہیں۔ مقابلہ کیلئے پوسٹر، مقابلہ کی جگہ پر مفت دیا جائیگا اور پوسٹر بنانے سے متعلق ضروری اشیاء/مصنوعات امیدوار از خود لائیں گے۔

جناب راجونشی نے بتایا کہ بین الاقوامی منشیات مخالف یوم (26 جون 2022) کو صبح 11:00 بجے بین الاقوامی بودھ تحقیقی ادارہ، گومتی نگر لکھنؤ کے آڈیٹوریم میں پوسٹر مقابلہ میں کامیاب امیدواروں کو محکمہ کی جانب سے ریاست کے وزیر مملکت برائے آبکاری اور نشہ بندی (آزاد چارج) جناب نتن اگروال کے ذریعہ انعام اور توسیفی سند دی جائیگی۔ اس ضمن میں کوئی بھی معلومات کیلئے جناب آر ایل راجونشی علاقائی نشہ بندی اور سوشل ڈیولپمنٹ افسر، لکھنؤ ایریا موبائل نمبر-9451410428 اور جناب برج موہن موبائل نمبر-9305328050 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆